# ہائی اسکول ٹرانسکرپٹ کو کس طرح پڑھا جائے

طلبا کے ریکارڈ اسکولوں، طلبا اور اہل خانہ کو تعلیمی پیش رفت پر نظر رکھنے میں مدد کرتے ہیں۔ نیو یارک شہر محکمئہ تعلیم کے والدین کے حقوق کے قانونی مسودے اور طلبا کے حقوق کے قانونی مسودے کے مطابق طلبا اور سابقہ طلباء، والدین اور سرپرستوں کو اپنے ریکارڈ کا جائزہ لینے اور ان کی نقول حاصل کرنے کا حق حاصل ہے۔ طالب علم کے ریکارڈ نیو یارک شہر محکمئہ تعلیم کے اندر طالب علم کے ساتھ ایک اسکول سے دوسرے اسکول میں منتقل ہوتے رہتے ہیں۔ طالب علم کے ریکارڈ کو تلاش کرنے کے لیے بہترین جگہ وہ اسکول ہے جس میں طالب علم نے آخری بار شرکت کی تھی (یا کر رہا ہے)۔ مزید معلومات کے لیے www.schools.nyc.gov/school-life/learning/student-records-and-transcripts دیکھیں۔

## ایک ٹرانسکرپٹ کیا ہے؟

ٹرانسکرپٹ نیو یارک شہر محکمئہ تعلیم کے ہائی اسکول میں حاصل کردہ کریڈٹس، حتمی گریڈز اور دیئے گئے امتحانات کا مستند ریکارڈ ہے۔ یہ طالب علم کے ہائی اسکول کے دوران لیے گئے کورسز اور امتحانات کو قلم بند کرتا ہے۔

آپ دو مختلف قسم کی ٹرانسکرپٹ کی درخواست کر سکتے ہیں:

- "طالب علم کی ٹرانسکرپٹ" ، اس کو سال اور ٹرم کے لحاظ سے منظم کیا جاتا ہے۔
- "طالب علم کا مستقل ریکارڈ" ، اس میں یہی معلومات ہوتی ہیں لیکن اس کو مضامین کے شعبوں کے مطابق منظم کیا جاتا ہے۔

آپ کا اسکول دونوں کا حوالہ بطور "ٹرانسکرپٹ" دیتا ہے۔

## ایک ٹرانسکرپٹ کا مقصد کیا ہے؟

نیو یارک شہر محکمئہ تعلیم ٹرانسکرپٹ کی معلومات کو سندیافتگی کی راہ پر گامزن رہنے کے لیے ایک طالب علم کی کورس اور امتحانات کی ضروریات کا تعین کرنے کے لیے استعمال کرتا ہے۔ آپ اپنے ٹرانسکرپٹ کو ہائی اسکول کے بعد کے مواقعوں کے لیے درخواست دینے میں استعمال کرسکتے ہیں، جیسے کالج، ملازمت یا ملٹری۔ آپ کا ٹرانسکرپٹ کورس ورک اور امتحانات جو آپ نے مکمل کیے ہیں، آپ کے گریڈز اور تعلیمی حصولیابیاں، اور آپکی ہائی اسکول سے سندیافتگی کا ثبوت ہے۔

## میں اپنی ٹرانسکرپٹ کی ایک نقل کس طرح حاصل کر سکتا ہوں؟

آپ کے اسکول کو آپ کو باقاعدگی سے ایک غیرسرکاری ٹرانسکرپٹ دینا چاہیئے۔ یہ آپ کو درستگی کے لیے اپنا ٹرانسکرپٹ دیکھنے اور اپنی پیش رفت کے متعلق سوالات کرنے کا موقع دیتا ہے۔ اگر آپ کو ایک غیرسرکاری ٹرانسکرپٹ کی کاپی نہیں ملی ہے تو اپنے اسکول کونسلر سے رابطہ کریں۔ آپ کسی وقت بھی ایک کاپی کی درخواست کرسکتے ہیں۔

اگر آپ کی عمر 18 سال سے کم ہے، آپ کے والدین یا سرپرست آپ کے اسکول سے تعلیمی سال کے دوران کسی بھی وقت ایک غیرسرکاری ٹرانسکرپٹ کی درخواست کرسکتے ہیں۔

اگر آپ ایک سابقہ طالب علم ہیں، آپ کو اپنے ٹرانسکرپٹ کی کاپی کے لیے اس اسکول سے رابطہ کرنا چاہیئے جس میں آپ نے آخری بار شرکت کی تھی۔

## مجھے اپنے اسکول سے کس طرح کے سوالات پوچھنے چاہیئیں؟

- میں کب سند یافتہ ہونے کی توقع کرسکتا ہوں؟
- مجھے سندیافتہ ہونے کے لیے اور کونسے کریڈٹ یا امتحانات کی ضرورت ہے؟
- اگلی ٹرم میں مجھے کونسے کورسز یا امتحانات کے لیے شیڈول کیا جائے گا؟
- میں اپنے ٹرانسکرپٹ پر اپنا نام اور جنس کس طرح تبدیل کرسکتا ہوں؟

## کیا آپ جانتے ہیں؟

نیو یارک شہر میں ہر ایک طالب علم کو سندیافتہ ہونے کے لیے 44 کریڈٹ حاصل کرنا، جن کو مختلف مضامین کے شعبوں میں تقسیم کیا گیا ہے، اور مخصوص امتحانات پاس کرنا لازمی ہے۔ سندیافتگی کے مطلوبات کے بارے میں www.schools.nyc.gov/school-life/rules-for-students/graduation-requirements پر مزید جانیں۔ آپ کے اسکول کے پاس بھی سندیافتگی مطلوبات کا ایک کارڈ ہوتا ہے جس میں کریڈٹ اور امتحانات کے مطلوبات کو خاکہ کش کیا جاتا ہے، جس کی بنیاد آپ کے نویں گریڈ میں داخلے کے سال پر ہوتی ہے۔

آپ کو اپنے اسکول کی گریڈ دینے کی پالسیوں کے بارے میں معلومات کو تحریری طور پر حاصل کرنے کا حق ہے۔ یہ جاننے کے لیے کہ تعلیمی پیشرفت کی پیمائش کس طرح کی جاتی ہے اپنے اسکول کی گریڈ دینے کی پالیسی کی ایک نقل کے لیے اپنے اسکول مشیر سے رابطہ کریں۔

این وائی سی اسکولز اکاونٹ والدین یا سرپرستوں کو ایک کمپیوٹر، فون یا ٹیبلٹ پر دس زبانوں میں اپنے طالب علم کی حاضری، گریڈز، تشخیصات، شیڈول اور معلوماتِ رابطہ دیکھنے کا موقع دیتا ہے۔ اگر آپ کے والدین یا سرپرستوں کا پہلے سے این وائی سی اسکولز اکاونٹ ہے، تو لاگ ان کرنے کے لیے http://mystudent.nyc پر جائیں۔ این وائی سی اسکولز اکاونٹ کے لیے رجسٹر کرنے کے لیے، اپنے اسکول میں جائیں یا www.schools.nyc.gov/school-life/support/nyc-schools-account-(nycsa) پر آن لائن رجسٹر کریں

**میں کس فرد سے مدد کی گزارش کر سکتا ہوں؟** اپنے اسکول مشیر یا پرنسپل سے ذیل پر بات کریں:

- نیو یارک شہر سندیافتگی کے مطلوبات
- سندیافتگی کی جانب پیش رفت
- آپ کے اسکول کی **گریڈ دینے کی پالیسی**

Department of Education

# " مستقل ریکارڈ" کو کس طرح پڑھا جائے

**STUDENT PERMANENT RECORD**
SCHOOL NAME

1 **Name / ID : STUDENT'S NAME / STUDENT ID NUMBER**
**Address :** STUDENT'S ADDRESS

**Ph# :** **Ofcl :** **Grade Level :** 10 **Status :** A
**Admit Date:** 07/01/2018 **Discharge Date :**
**DOB :** 04/21/2005 **Graduation Date :**
**Rank :** **Counselor : GONZALEZ**

**English / ENL / 1**

| 2 | 3 | 4 | 5 | 6 Actual Mark | 7 | 8 9 |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 2018 / 1 | 02M972 | EES81 | ENGLISH 9 | 86 | BENSIGN | 1.00 / 1.00 |
| 2018 / 2 | 02M972 | EES82 | ENGLISH 9 | 84 | BENSIGN | 1.00 / 1.00 |

Subject Area : Actual Credits / Credits Earned : **2.00 / 2.00**
Subject Area Average : **85%** Credits Averaged : **2.00**

**Social Studies / 2**

| | | | | Actual Mark | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 2018 / 1 | 02M972 | HGS41 | GLOBAL STUD 9 | 73 | LESSEIG | 1.00 / 1.00 |
| 2018 / 2 | 02M972 | HGS42 | GLOBAL STUD 9 | 60 | LESSEIG | 1.00 / 0.00 |
| 2018 / 7 | 02M972 | HGS42 | GLOBAL STUD 9 | 67 | LESSEIG | 1.00 / 1.00 |

Subject Area : Actual Credits / Credits Earned : **3.00 / 2.00**
Subject Area Average : **66.67%** Credits Averaged : **3.00**

**Mathematics / 3**

| | | | | Actual Mark | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 2018 / 1 | 02M972 | MES21 | ALGEBRA I | 76 | HIGGINS | 1.00 / 1.00 |
| 2018 / 2 | 02M972 | MES22 | ALGEBRA I | 80 | HIGGINS | 1.00 / 1.00 |

Subject Area : Actual Credits / Credits Earned : **2.00 / 2.00**
Subject Area Average : **78%** Credits Averaged : **2.00**

**Sciences / 4**

| | | | | Actual Mark | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 2018 / 1 | 02M972 | SLS21 | LIVING ENVIRON | 86 | LEWIS | 1.00 / 1.00 |
| 2018 / 1 | 02M972 | SLS21QL | LIV ENV LAB | P | LEWIS | 0.00 / 0.00 |
| 2018 / 2 | 02M972 | SLS22 | LIVING ENVIRON | 90 | LEWIS | 1.00 / 1.00 |
| 2018 / 2 | 02M972 | SLS22QL | LIV ENV LAB | P | LEWIS | 0.00 / 0.00 |

Subject Area : Actual Credits / Credits Earned : **2.00 / 2.00**
Subject Area Average : **88%** Credits Averaged : **2.00**

**Health/Physical Education / 8**

| | | | | Actual Mark | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 2018 / 1 | 02M972 | PPS81 | PHYSICAL ED | 81 | FELDMAN | 0.50 / 0.50 |
| 2018 / 2 | 02M972 | PPS82 | PHYSICAL ED | 85 | FELDMAN | 0.50 / 0.50 |

Subject Area : Actual Credits / Credits Earned : **1.00 / 1.00**
Subject Area Average : **83%** Credits Averaged : **1.00**

10 **Exam Summary**

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 2018 | Term 2 | SXRKE | LIV ENVIRO REG JUN | 80 |
| 2018 | Term 2 | MXREE | CC ALGEBRA I REG JUN | 68 |

Cumulative : Actual Credits / Credits Earned : **2.00 / 2.00**
11 Cumulative Average : **78%** Cumulative Credits Averaged : **2.00**

1 اس خانے میں نشان دہی کرنے کی بنیادی اور رابطے کی معلومات شامل ہیں۔ اگر ان میں سے کوئی بھی معلومات درست نہیں ہیں تو اپنے اسکول سے رابطہ کریں۔

2 یہ کالم اس **تعلیمی سال اور ٹرم** (1/2018) کو ظاہر کرتا ہے جس میں کورس لیا گیا تھا۔ ایک کورس کو ایک ٹرم کے عرصے میں مکمل کیا جاتا ہے۔ ہر ٹرم کے اختتام پر طلبا اپنی ٹرانسکرپٹ میں حتمی گریڈ (اصل اسکور) موصول کرتے ہیں۔

3 اس کالم میں **اسکول کا "DBN" یا "ضلع/ برو/ نمبر"**شامل ہوتا ہے (02M972)یہ اس بات کی وضاحت کرتا ہے ہر ایک کورس کو کس اسکول میں لیا گیا تھا اور ایک گریڈ موصول کیا گیا تھا۔ جب طلبا نیو یارک شہر محکمئہ تعلیم (NYCDOE) کے اسکولوں میں تبادلہ کرواتے ہیں یا NYCDOE کے ایک دیگر اسکول میں کورسز لیتے ہیں تو ٹرانسکرپٹ پر مختلف DBN نمبر ہوتے ہیں۔

4 اس کالم میں **کورس کوڈ** (EES81)شامل ہوتا ہے جو یہ نشان دہی کرتا ہے کہ کیا سکھایا گیا تھا اور مشمولات کو کس طرح فراہم کیا گیا تھا۔ NYCDOE کے تمام اسکول ایک جیسی کورس کوڈنگ کا طریقہ استعمال کرتے ہیں۔

5 اس کالم میں **کورس کا عنوان** (ENGLISH 9)، شامل ہوتا ہے جو یہ نشان دہی کرتا ہے کہ کورس میں کیا سیکھایا جاتا ہے۔ کورس کوڈ کے برعکس، اسکول اپنے کورس کے عنوان خود منتخب کر سکتے ہیں۔

6 اس کالم میں طالب علم کے اصل اسکور (86)، یا **کورس کا حتمی گریڈ** شامل ہوتا ہے۔ اسکول گریڈ دینے کے ایک یا زائد اسکیل (جیسے کہ A-F اور 65-100) کو منتخب کر سکتے ہیں۔ کچھ گریڈز جیسے کہ NX, NL اور NS صرف شاذ و نادر صورتوں میں دیئے جاتے ہیں۔ اگر آپ کے کسی گریڈ کے متعلق سوالات ہیں یا اگر آپ کو اپنے اسکول کی گریڈ دینے کی پالیسی کی ایک نقل چاہیئے تو اپنے اسکول سے رابطہ کریں۔

7 اس کالم میں **استاد کا نام** (BENSIGN) شامل ہوتا ہے جس نے کورس کی تعلیم دی تھی اور حتمی گریڈ تعین کیا تھا۔

8 اس کالم میں شامل ہوتا ہے کہ **ہر کورس کتنے کریڈٹس کے** برابر ہے۔ (1.00)کچھ کورسز جیسے کہ سائنس لیبز اور ریجنٹس تیاری کورسز، اہم تجربات ہوتے ہیں لیکن ان کو کریڈٹ کے لیے شمار نہیں کیا جاتا ہے۔ یہ کورسز ٹرانسکرپٹ میں 0.00 کے طور پر ظاہر کیے جاتے ہیں۔

9 اس کالم میں ہر ایک کورس میں **طالب علم کے حاصل کردہ کریڈٹس کی تعداد** شامل ہوتی ہے (1.00) طلبا صرف ان کورسز کے لیے کریڈٹ حاصل کرتے ہیں جن کو انہوں نے پاس کر لیا ہو۔ آپ حاصل کیے گئے کریڈٹس کی تعداد کے مقابلے میں حاصل کرنے کی کوشش کیے گئے کریڈٹس کی تعداد کے خلاصے کو ہر مضمون شعبے کے زیریں حصے اور ٹرانسکرپٹ کے زیریں حصے میں پا سکتے ہیں۔ اگر طالب علم ایک کورس میں فیل ہوجاتا ہے تو حاصل کردہ کریڈٹ کی تعداد بمقابلہ حاصل کرنے کی کوشش کیے گئے کریڈٹ کی تعداد سے کم ہو گی۔ طلبا کو سندیافتہ ہونے کے لیے مخصوص کورسز میں 44 کریڈٹس حاصل کرنے کی ضرورت ہو گی۔

10 اس خانے میں طالب علم کے **ریجنٹس امتحان کے اسکور** شامل ہوتے ہیں۔ اسکولوں کے پاس طالب علم کے ریجنٹس کے تمام اسکور یا ہر ایک امتحان میں حاصل کردہ اعلی ترین اسکور کو ظاہر کرنے کا انتخاب ہوتا ہے۔

11 اسکول **مجموعی گریڈ اوسط** کا حساب کس طرح لگاتے ہیں اس کے متعلق سوالات کے لیے اپنے موجودہ اسکول سے رابطہ کریں۔